Government of Pakistan
Ministry of Planning Development & Special Initiatives
**Pakistan Bureau of Statistics**

No. PBS. CPMU. Media (01)/2023 Islamabad, the 9th April, 2023

# PRESS RELEASE

10th meeting of CMC held on 8th April 2023

**Minister PD & SI directed all chief secretaries to monitor the progress efficiently and take prompt action for complete coverage.**

**Minister IT & T, Mr. Ameen ul Haq, became part of Census Monitoring Committee on directions of Prime Minister, Muhammad Shahbaz Sharif. He attended the meeting and appreciated PBS team for conduct of 7th Population and Housing Census and identifying the abnormalities in data and procedure (Field Execution) timely for rectification of the same to avoid any controversy.**

**Tenth Meeting of Census Monitoring Committee was held, under the chair of Minister of Planning, Development and Special Initiatives, Prof. Ahsan Iqbal on 8th April, 2023**

Professor Ahsan Iqbal, Federal Minister PD&SI chaired the tenth meeting of Census Monitoring Committee (constituted in pursuance of decision taken in 49th meeting of Council of Common Interest (CCI) held on 13th January, 2022 to oversee/ monitor Census activities to ensure an expeditious, transparent and credible census operation) on ninth April, 2023. The meeting was attended by Members of Committee and representatives from all relevant departments and stakeholders and senior officers from Pakistan Bureau of Statistics. The main purpose of the meeting was to review the progress regarding the progress of field Operation of first ever Digital census and other allied and trends and analysis on the basis of data collected so far. The meeting was also attended by Mr. Ameen ul haq, Minister IT&T who has also became part of CMC on directions of Prime Minister, Muhammad Shahbaz Sharif.

Chief Census Commissioner, Dr. Naeem uz Zafar presented the progress of the census operation. He informed 96 percent of the work has completed all over Pakistan, however Balochistan and Islamabad are lagging behind due to various administrative reasons.

He informed that out of 156 districts, 100 percent work completed in 115 districts and in 20 districts the percentage of completed work is between 70 to 90. However, enumeration progress is slow in big cities like Rawalpindi, Karachi, Lahore and Islamabad etc. due to non-response and other reasons. It was also informed that after in-depth analysis PBS has identified high rise buildings in big cities where it was feared that there could be chances of underreporting and

requested the relevant Chief Secretaries to direct their relevant DCs/ACs to efficiently monitor the progress and ensure complete coverage of all structures/houses and leftover structures.

Prof Ahsan Iqbal, Minister PD & SI directed that as conduct of field operations is the responsibility of the provincial governments, therefore any inefficiency on part of the administration will be harmful for the whole census process and will lead to controversies. He emphasized that Govt of Pakistan is conducting the census on request of provinces especially Sindh. Therefore, all ACs /DCs may be strictly directed to vigilantly monitor the progress and ensure the complete coverage of the leftover structure to avoid undercutting and action must be taken against those ACs/DCs who failed to do that.

Mr. Ameen ul Haq, Minister IT&T appreciated the work done by PBS team for conduct of this National exercise and identifying the abnormalities timely for rectification of the same to avoid any controversy on results of the national gigantic exercise and ownership of process. He proposed to extend the census operations for a week in big cities for complete coverage and to reduce under enumeration

In the end the Minister PD & SI directed all chief secretaries to monitor the progress efficiently and take prompt action for complete coverage. He also directed chief secretaries to provide the required number of days to cover the big cities, however it should be minimum possible days with optimum utilization of resources as Govt. has to provide results by 30th April and no extension will be provided due to sensitivity of matter and provision of results to Election Commission of Pakistan (ECP).

(Muhammad Sarwar Gondal)
Member (Support Services)
Official Spokesperson PBS

**Some Glimpses from Event:**



-











Government of Pakistan
Ministry of Planning Development & Special Initiatives
**Pakistan Bureau of Statistics**

No. PBS. CPMU. Media (01)/2023 Islamabad, the 9th April, 2023

**PRESS RELEASE**

# مردم شماری مانیٹرنگ کمیٹی دسواں اجلاس

مردم شماری مانیٹرنگ کمیٹی کا دسواں اجلاس 8 اپریل 2023 کو منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کے وزیر پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔

وزیر پی ڈی اینڈ ایس آئی (PD & SI) نے تمام چیف سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ پیش رفت کی موثر نگرانی کریں اور مکمل کوریج کے لیے فوری اقدامات کریں۔

وزیر آئی ٹی اینڈ ٹی (IT & T) جناب امین الحق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر مردم شماری مانیٹرنگ کمیٹی کا حصہ بن گئے۔ انہوں نے میٹنگ میں شرکت کی اور 7ویں خانہ و مردم شماری کے انعقاد اور کسی بھی تنازعہ سے بچنے کے لیے ڈیٹا اور طریقہ کار (فیلڈ ایگزیکیوشن) میں Abnormalities کی بروقت نشاندہی کرنے پر پی بی ایس ٹیم کی تعریف کی ۔وفاقی وزیر پی ڈی اینڈ ایس آئی پروفیسر احسن اقبال نے 9اپریل 2023 کو مردم شماری کی نگرانی کمیٹی کے دسویں اجلاس کی صدارت کی (جو 13 جنوری 2022 کو مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) کے 49 ویں اجلاس میں کیے گئے فیصلے کی روشنی میں تشکیل دی گئی تھی تاکہ مردم شماری کے تیز رفتار، شفاف اور قابل اعتماد آپریشن کو یقینی بنایا جا سکے) اجلاس میں کمیٹی کے اراکین اور تمام متعلقہ محکموں کے نمائندوں اور سٹیک ہولڈرز اور پاکستان ادارۂ شماریات کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کا بنیادی مقصد پہلی بار منعقدہ ڈیجیٹل مردم شماری کے فیلڈ آپریشن اور دیگر متعلقہ اداروں کی پیش رفت اوراب تک جمع کیے گئے ڈیٹا کی بنیاد پر رجحانات اور تجزیہ کا جائزہ لیناتھا۔ اجلاس میں وزیر آئی ٹی اینڈ ٹی جناب امین الحق نے بھی شرکت کی جو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر سی ایم سی کا حصہ بن چکے ہیں۔

چیف مردم شماری کمشنر ڈاکٹر نعیم الظفر نے مردم شماری آپریشن کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پورے پاکستان میں 96 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے تاہم بلوچستان اور اسلام آباد مختلف انتظامی وجوہات کی وجہ سے پیچھے ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ 156 اضلاع میں سے 115 اضلاع میں 100 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور 20 اضلاع میں کام مکمل ہونے کی شرح 70 سے 90 کے درمیان ہے تاہم بڑے شہروں جیسے راولپنڈی، کراچی، لاہور اور اسلام آباد وغیرہ میں عوام کے عدم تعاون اور دیگر وجوہات کی بنا پر گنتی کی پیش رفت سست ہے۔ انہوں یہ بھی بتایا کہ تفصیلی تجزیہ کرنے کے بعد بڑے شہروں میں بلندعمارتوں کی نشاندہی کی ہے جہاں انڈر رپورٹنگ کے امکانات کا خدشہ تھا اور متعلقہ چیف سیکرٹریز سے درخواست کی کہ وہ اپنے متعلقہ ڈی سیز/اے سی کو ہدایت دیں کہ وہ پیش رفت کی موثر نگرانی کریں اور تمام ڈھانچوں/ مکانات اوررہ جانے والے ڈھانچوں کی مکمل کوریج کویقینی کوبنائیں۔

پروفیسر احسن اقبال، وزیر پی ڈی اینڈ ایس آئی نے ہدایت کی کہ فیلڈ آپریشنز کا انعقاد چونکہ صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے، اس لیے انتظامیہ کی جانب سے کوئی بھی نااہلی مردم شماری کے پورے عمل کے لیے نقصان دہ ہوگی اور تنازعات کو جنم دے گی۔ انہوں نےاس بات پر زور دیاکہ حکومت پاکستان چونکہ صوبوں بالخصوص سندھ کی درخواست پر مردم شماری کروا رہی ہے۔ لہٰذا، تمام ACs/DCs کو سختی سے ہدایت کی جا ئے کہ وہ پیشرفت کی بھر پور نگرانی کریں اور انڈر کٹنگ سے بچنے کے لیےرہ جانے والے ڈھانچوں کی مکمل کوریج کو یقینی بنائیں اور ان ACs/DCs کے خلاف کارروائی کی جائے جو ایسا کرنے میں ناکام ہوں۔

جناب امین الحق، وزیر آئی ٹی اینڈ ٹی(IT&T) نے اس قومی مشق کے انعقاد اور اس عمل کے دوران ہر طرح کیAbnormalities سے بروقت نمٹتے ہوئے کسی بھی قسم کے بڑے تضاد سے بچنے کے لئے PBS کی ٹیم کی طرف سے کیے گئےاقدامات کو سراہا۔ انہوں نے بڑے شہروں میں مردم شماری کے عمل کو ایک ہفتے کے لئے بڑھانے کی تجویز پیش کی تاکہ مکمل کوریج میں آسانی ہو اور کم شماری کے رسک کوکم سے کم کیا جاسکے۔

آخر میں وزیر پی ڈی اینڈ ایس آئی نے تمام چیف سکریٹریز کو ہدایت کی کہ وہ مردم شماری میں ہونے والی پیش رفت کی موثر نگرانی کریں اور مکمل کوریج کے لیے فوری اقدامات کریں۔ مزید ہدایت کرتے ہوئے انہوں نے چیف سیکرٹریز کو بڑے شہروں کا احاطہ کرنے کے لیے مطلوبہ دنوں کی تعداد فراہم کرنے کو کہا تاہم دنوں کی یہ تعداد، وسائل کا بہترین استعمال کرتے ہوئے کم سے کم ہونی چاہیئے کیونکہ حکومت کو 30 اپریل 2023تک مردم شماری کے نتائج فراہم کرنے ہیں اور معاملے کی حساسیت اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کو نتائج مہیا کرنے کی وجہ کو مد نظر رکھتے ہوئے سے اس میں کوئی توسیع نہیں کی جائےگی۔

(محمد سرور گوندل
(رکن سپورٹ سروسز)
ترجمان  پی بی ایس